Total printed Page: 3]　　　　　Roll No…………….

BAUL-301

Urdu Nsar

Bachelor of Arts (BA/BAS-12/16/17)

Third Year, Examination, 2020

Time : 2 Hours　　　　　Max. Marks : 80

نوٹ:۔ یہ پرچہ دو حصوں 'الف' اور 'ب' پر مشتمل 80 نمبر کا ہے۔ دونوں حصوں کے جوابات درج ذیل ہدایت کے مطابق لکھئے۔

(حصہ الف)

ہدایت: (اس حصہ کے سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھنا ہیں) درج ذیل پانچ(5) سوالوں میں سے صرف دو (2)سوالوں کے جواب مفصل لکھئے۔ (2x20=40)

سوال 1۔ کیا اردو افسانے کی ابتدا منشی پریم چند سے ہوتی ہے؟ اپنے خیالات دلائل کے ساتھ تفصیل سے تحریر کیجئے۔

سوال2۔ نذیر احمد کے ناول "توبتہ النصوح" کے اسلوب (Style) کی فنی خوبیوں و خامیوں پر تفصیل سے اظہار خیال کیجئے اور مثالیں بھی دیجئے۔

سوال3۔ جوش ملیح آبادی کی نثری تخلیق "یادوں کی بارات" کے طرزِ نگارش کی خصوصیات پر مفصل روشنی ڈالئے۔

سوال4۔ "یادگار غالب" حالیؔ کی اہم سوانحی تخلیق مانی جاتی ہے۔ اس کی اہم خصوصیات پر ایک جامع مضمون لکھئے۔

سوال5۔ "امراؤ جان ادا" مرزا ہادی رسوا کا ایک کامیاب ناول ہے۔ اس ناول کی خوبیوں پر اظہار خیال کیجئے۔

(حصہ ب)

ہدایت: (اس حصے کے سوالوں کے مختصر جواب لکھنا ہیں)

نوٹ: درج ذیل آٹھ (8) سوالوں میں سے صرف چار (4) سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ (4x10=40)

سوال1۔ "توبتہ النصوح" کا کون سا کردار آپ کو زیادہ پسند ہے؟ روشنی ڈالئے۔

سوال2۔ الطاف حسین حالیؔ کی اردو خدمات پر اپنے خیالات پیش کیجئے۔

سوال3۔ ”میدان عمل“ کا خلاصہ مختصر طور سے اس طرح لکھئے کہ اس کی فنی خوبیاں واضح ہو جائیں۔

سوال4۔ اپنے کسی پسندیدہ نثر نگار (ادیب) کے فکر و فن پر مختصر مضمون لکھئے۔

سوال5۔ محاورہ کی تعریف کیجئے اور دلیل میں مثالیں بھی دیجئے۔

سوال6۔ اردو صحافت کے آغاز و ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔

سوال7۔ تشبیہ کسے کہتے ہیں؟ مثالوں سے واضح کیجئے۔

سوال8۔ صالحہ عابد حسین کی ”یادگارِ حالیؔ“ میں حالیؔ کی کن خوبیوں کا ذکر کیا گیا ہے؟ مختصر جائزہ پیش کیجئے۔

*****